# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ڈیرہ غازی خان

نمبر 1114 / رجسٹریشن

﴿نوٹیفیکیشن﴾

مورخہ 8 ستمبر 2022

بجانب: سربراہان تعلیمی ادارہ جات

گورنمنٹ والحاق شدہ پرائیویٹ کالجز/ ہائیر سیکنڈری سکولز ملحقہ ڈیرہ غازی خان بورڈ

عنوان: داخلہ شیڈول برائے گیارہویں جماعت (فرسٹ ایئر) تعلیمی سیشن 2022-24

مطلع کیا جاتا ہے کہ پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرپرسنز کی طرف سے جاری کردہ لیٹر نمبری 310/SY/PBCC/LHR مورخہ 01-09-2022 کے مطابق بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ڈیرہ غازی خان کی طرف سے گیارہویں جماعت (فرسٹ ایئر) کے ریگولر (سرکاری اور پرائیویٹ الحاق شدہ ادارہ جات میں زیر تعلیم) طلباء/ طالبات کی انرولمنٹ ریٹرن تعلیمی سیشن 2022-24 کا درج ذیل شیڈول جاری کیا جا رہا ہے۔

| Sr.# | Schedule | Last dates of admission in Educational. Institutions, online data entry and submission of original computerized Fee Challan/ hard copy of Enrollment Return |
|---|---|---|
| 1 | Admission in Class-XI without late fee | 10-09-2022 to 24-10-2022 |
| 2 | Admission in Class-XI with late fee of Rs.500/- per Student (Payable to Board) | 25-10-2022 to 08-11-2022 |
| 3 | In case of late declaration result of Matric Examination | With in 10 days after declaration of Matric Result |

مورخہ 08 نومبر 2022 کے بعد کسی بھی طالب علم/ طالبہ کو داخل کرنے کی ہرگز اجازت نہ ہوگی اور سربراہان ادارہ جات درج ذیل ہدایات پر سختی سے عمل کریں

## شرح فیس

انرولمنٹ فیس-/800 روپے، پروسیسنگ فیس-/400 روپے، سپورٹس فیس-/100 روپے

کل فیس مبلغ-/1300 روپے فی امیدوار

Result.pk

**ضروری نوٹ:** (i) انرولمنٹ ریٹرن میٹرک کے رولنمبر وائز تیار کرائیں اور اس پر سختی سے عمل کیا جائے۔

(ii) جملہ تعلیمی ادارے حکومت پنجاب کی جاری کردہ ہدایات/ SOPs برائے کرونا وائرس پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔

## انتہائی ضروری ہدایات

1۔ شیڈول ہذا میں درج ضروری ہدایات کا مطالعہ کیے بغیر انرولمنٹ ریٹرن فارم پُر نہ کیے جائیں، نامکمل انرولمنٹ ریٹرن فارم وصول نہیں کیے جائیں گے انرولمنٹ ریٹرن سے متعلقہ فارم اور ضروری رہنمائی بورڈ کی ویب سائٹ www.bisedgkhan.edu.pk پر دستیاب ہے مذکورہ بالا دی گئی تواریخ پر سختی سے عمل کیا جائے آن لائن انرولمنٹ ریٹرن فارم (ہارڈ کاپی) اور فیس چالان بروقت بورڈ آفس جمع نہ کرانے کی صورت میں مقررہ تاریخ کے بعد متعلقہ ادارہ کو مبلغ-/500 روپے یومیہ جرمانہ ادا کرنا ہوگا یہ جرمانہ ناقابلِ معافی ہوگا اور نہ ہی اس کے بارے کوئی اپیل کی جا سکے گی۔ اور سربراہ ادارہ جرمانہ کی رقم کسی بھی طالب علم/ طالبہ سے وصول نہیں کرے گا۔

2۔ آن لائن انرولمنٹ ریٹرن فارم میں طلباء/ طالبات کے نام/ ولدیت کے Spelling، مضامین مکمل اور درست لکھے جائیں اور انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی کا پروف نکال کر طلباء و طالبات کو ملاحظہ کرا کر متعلقہ کالم میں ان کے دستخط کروائیں تاکہ ڈیٹا میں کسی قسم کی غلطی نہ ہو۔ طلباء/ طالبات کے انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی پر دستخط نہ ہونے کی صورت میں فی امیدوار مبلغ-/500 روپے جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ گیارہویں کلاس کا امتحان شروع ہونے کے بعد نام/ ولدیت کی درستگی حسب ضابطہ بذریعہ کمیٹی رجسٹریشن برانچ اور سپیلنگ درستگی انٹر برانچ کرے گی۔

3۔ انرولمنٹ ریٹرن کے ہر پرت پر سربراہ ادارہ کے دستخط و مہر ثبت ہونی ضروری ہے بصورت دیگر مبلغ-/500 روپے فی پرت کے حساب سے جرمانہ کی ادائیگی پر انرولمنٹ ریٹرن کی تکمیل دفتر ہذا میں پہنچ کر کرنا ہوگی۔ اس امر کے لیے بورڈ کی طرف سے کوئی TA/DA نہیں دیا جائے گا۔ ریٹرن میں غلط سکین (Scan) شدہ تصویر کی درستگی فیس-/1050 روپے ہوگی یہ درستگی امتحان شروع ہونے سے قبل ہو سکتی ہے۔ گیارہوں کلاس کا امتحان شروع ہونے کے بعد تصویر کی درستگی بذریعہ ڈسپلن برانچ ہوگی۔

CamScanner

4۔ **کالج سے خارجہ کی اطلاع:۔** آن لائن انرولمنٹ ریٹرن فارم ارسال کرنے کے بعد اگر کوئی طالبعلم/ طالبہ کسی وجہ سے ادارہ سے خارج ہو جائے تو اس کی اطلاع بروقت سیکرٹری بورڈ کو بھیجنا ضروری ہے۔

5۔ انرولمنٹ ریٹرن فارم کے ساتھ مجوزہ ترسیلی فارم (Forwarding Letter) ارسال کرنا ضروری ہے فیس کا اصل بنک چالان ترسیلی فارم کی پشت پر چسپاں کریں۔

6۔ آن لائن انرولمنٹ ریٹرن میں طلباء/ طالبات کا نام / ولدیت، سیکنڈری سکول کے پاس کردہ رزلٹ کارڈ کے مطابق رولنمبر وائز درج کریں۔ انرولمنٹ ریٹرن میں درج نام، ولدیت اور تاریخ داخلہ غلط اندراج کرنے یا اندراج نہ کرنے کی صورت میں سربراہ ادارہ ذمہ دار ہوگا۔ اور مبلغ-/500 روپے فی غلطی کے حساب سے، جرمانہ فیس جمع ہونے کے بعد درستگی عمل میں لائی جائے گی۔ انرولمنٹ ریٹرن میں کوائف کی درستگی کیلئے اپنے اکاونٹ میں آن لائن درستگی (Correction) کرکے اس کی ہارڈ کاپی معہ میٹرک کی سند / رزلٹ کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی اور بنک چالان مبلغ-/500 روپے دفتر کو مہیا کرنا ہوگا۔ انٹر پارٹ فرسٹ سالانہ امتحان 2023 شروع ہونے کے بعد انرولمنٹ ریٹرن میں کسی قسم کی درستگی نہیں کی جائے گی۔

7۔ گیارہویں جماعت (فرسٹ ایئر) کے کسی بھی مضمون / مضامین میں 33% سے کم نمبر، غیر حاضر اور صرف رجسٹرڈ ہونے والے ریگولر / پرائیویٹ طلباء / طالبات سالانہ امتحان 2022 پارٹ فرسٹ کے نتیجہ کی اشاعت کے بعد 30 ایام کے اندر کسی بھی ادارہ میں دوبارہ داخلہ لے سکتے ہیں اور انہیں 30 ایام میں انرولمنٹ ریٹرن آن لائن کرکے مبلغ-/1050 روپے (فی طالبعلم / طالبہ) کے حساب سے فیس جمع کروا کے اگلے 10 ایام میں آن لائن ری ایڈمیشن انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی معہ بنک چالان دفتر ہذا میں جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔ نیز طلباء / طالبات اپنا مضمون / گروپ بھی تبدیل کرسکتے ہیں۔ بعد ازاں رزلٹ منسوخ نہیں کیا جائے گا۔ ری ایڈمیشن حاصل کرنے والے طلباء / طالبات کا سابقہ انرولمنٹ نمبر ہی برقرار رہے گا۔ نیز طلباء / طالبات یہ سہولت ایک مرتبہ ہی حاصل کرسکتے ہیں۔ صرف گیارہویں جماعت سالانہ امتحان 2022ء میں غیر حاضر / فیل شدہ طلباء / طالبات دوبارہ ریگولر داخلہ کے اہل ہوں گے۔ گیارہویں جماعت سالانہ امتحان 2021 یا اس سے قبل والے طلباء / طالبات کلاس فرسٹ ایئر میں دوبارہ داخلہ لینے کے اہل نہ ہوں گے۔

8۔ گیارہویں جماعت میں پاس ریگولر / پرائیویٹ طلباء / طالبات پارٹ فرسٹ سالانہ امتحان 2022 کے نتیجہ کی اشاعت کے بعد 30 ایام کے اندر اپنا رزلٹ منسوخ کروانے کے لیے منسوخی فیس مبلغ-/1000 روپے جمع کرانی ہوگی اس سلسلہ میں انٹر برانچ بورڈ ہذا سے رابطہ کریں۔ نتیجہ کی منسوخی کے بعد اگلے 10 ایام کے اندر کسی بھی ادارہ میں داخلہ لے کر آن لائن ری ایڈمیشن فارم کی ہارڈ کاپی بمعہ بنک چالان مبلغ-/1050 روپے فیس (فی طالب علم / طالبہ) دفتر ہذا میں جمع کروانے کے پابند ہوں گے اگر سربراہ ادارہ نے کسی ایسے امیدوار کا ری ایڈمیشن میں ڈیٹا فیڈ کیا جس نے اپنا رزلٹ منسوخ نہیں کرایا ہوگا تو اس کی تمام تر ذمہ داری سربراہ ادارہ پر عائد ہوگی اور امیدوار کو ری ایڈمیشن تصور نہیں کیا جائے گا۔ نیز ایسے طلباء / طالبات اپنا مضمون / گروپ بھی تبدیل کرسکتے ہیں بعد ازاں کسی بھی امیدوار کا نتیجہ منسوخ نہیں کیا جائے گا پاس شدہ رزلٹ کی منسوخی کے بعد طلباء / طالبات کا سابقہ انرولمنٹ نمبر ہی برقرار رہے گا۔ نیز طلباء / طالبات یہ سہولت ایک مرتبہ ہی حاصل کرسکتے ہیں۔ ایسے طلباء / طالبات پوزیشن کے حقدار نہ ہوں گے۔ واضح رہے کہ ایسے امیدواران جنہوں نے 30 ایام کے اندر رزلٹ کینسل کرایا اور مقررہ تاریخ تک سربراہ ادارہ کی طرف سے انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی دفتر ہذا میں موصول نہیں ہوئی ایسے امیدواران کی انرولمنٹ ریٹرن مجوزہ فیس مبلغ-/1050 روپے اور یومیہ جرمانہ مبلغ-/500 روپے، کے ساتھ قابل قبول ہوگی۔ دوسرے بورڈز سے انٹر پارٹ فرسٹ سالانہ امتحان 2022ء پاس کرنے والے امیدواران اگر ری ایڈمیشن کرانا چاہتے ہیں تو متعلقہ بورڈ سے اپنا رزلٹ کینسل کرا کے انرولمنٹ ریٹرن جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔ سربراہان ادارہ جات دوسرے بورڈز سے آنے والے ری ایڈمیشن طلباء / طالبات کا ڈیٹا فریش طلباء / طالبات کے کالم میں ہرگز فیڈ نہ کریں۔

Result.pk

9۔ **دوران شیڈول منسوخی انرولمنٹ:۔** سربراہان ادارہ جات کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ایسے امیدواران جو ادارہ کے واجبات زیادہ ہونے، تعلیم یا ماحول سے مطمئن نہ ہونے کی وجہ سے دوران شیڈول اپنا ڈیٹا / انرولمنٹ مبلغ-/500 روپے فیس اور بیان حلفی جمع کرانے کے بعد کینسل کرا سکتے ہیں۔ بشرطیکہ کسی بھی ادارہ سے مذکورہ طلباء / طالبات کی انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی دفتر ہذا میں موصول نہ ہوئی ہو۔

10۔ **پریکٹیکل والا مضمون بطور ایڈیشنل (ریگولر) امتحان دینے کا معاملہ۔** سربراہان ادارہ جات کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ایسے امیدواران جنہوں نے انٹرمیڈیٹ یا اس کے مساوی امتحان سالانہ 2022 میں پاس کیا ہو، ایسے خواہشمند امیدواران پریکٹیکل والا مضمون بیالوجی یا کوئی اور پریکٹیکل والا مضمون بطور ایڈیشنل سالانہ امتحان 2023 میں دے سکتے ہیں۔ تاہم اس کے لیے بورڈ سے الحاق شدہ ادارہ (سرکاری / پرائیویٹ) میں داخلہ لے گا انٹر کا پاس شدہ رزلٹ کارڈ اور مجوزہ فیس-/1300 روپے بمعہ انرولمنٹ ریٹرن دفتر میں جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ رائج الوقت امتحانی نصاب کے مطابق انٹر پارٹ فرسٹ، سیکنڈ کے پرچہ جات میں شمولیت لازمی ہوگی۔ یاد رہے کہ کسی دوسرے بورڈ سے پاس امیدواران کو داخلہ کی اجازت نہ ہوگی۔

CamScanner

11۔ ناظرہ ترجمۃ القرآن:- گیارہویں جماعت میں مضمون ترجمۃ القرآن کو بطور لازمی مضمون شامل کیا گیا ہے لہٰذا اپنے تعلیمی ادارہ میں انرولڈ ہونے والے طلباء / طالبات کو پنجاب ٹیکسٹ بورڈ کی ویب سائٹ http://pctb.punjab.gov.pk پر موجود نصاب کے مطابق قرآن مجید کے ترجمہ کی تدریس شروع کرائیں امسال گیارہویں جماعت میں رجسٹر ہونے والے طلباء / طالبات کا مضمون "ترجمۃ القرآن" کا امتحان سالانہ امتحان 2023 میں ہوگا۔ غیر مسلم امیدواران مضمون "ترجمۃ القرآن" کے متبادل "اخلاقیات (Ethics)" کا امتحان دیں گے۔

12۔ مخلوط تعلیم پر پابندی:- گورنمنٹ آف دی پنجاب لاہور کی طرف سے مخلوط تعلیم پر پابندی ہے نیز پرائیویٹ ادارہ جات کے سربراہان کو سختی سے ہدایت کی جاتی ہے کہ گرلز ادارہ میں مردانہ سٹاف اور بوائز ادارہ میں زنانہ سٹاف تعینات کرنے کی قطعاً اجازت نہ ہے۔ عدم تعمیل کی صورت میں ادارہ کا بورڈ کے ساتھ عارضی الحاق کینسل کر دیا جائے گا۔

13۔ انرولمنٹ منسوخی:- انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی دفتر موصول ہونے کے بعد کسی بھی طالب علم / طالبہ کی انرولمنٹ منسوخ نہیں کی جائے گی۔

14۔ (i) آن لائن انرولمنٹ سسٹم میں دوران اندراج اگر کوئی غلطی ہو جائے تو ریکارڈ کو Confirm کرنے سے پہلے درست / Update کیا جا سکتا ہے۔

(ii) اُمیدواران کے ڈیٹا کو Confirm کرنے سے پہلے پروف پرنٹ نکال کر تمام ڈیٹا کو اچھی طرح چیک کر لیا جائے اور اسکے بعد Confirm کیا جائے۔ Confirm کرنے کے بعد ڈیٹا میں کسی قسم کی تبدیلی نہیں ہو سکے گی اور اگر کوئی تبدیلی مقصود ہو تو بورڈ قوانین کے مطابق بعد از درخواست ہو سکے گی۔

(iii) انرولمنٹ ریٹرن میں طلباء و طالبات کی تازہ ترین تصویر، سائز فوٹو 15 KB تا 40KB .jpg Formate میں Scan کرنا لازمی ہوگی اور فوٹو کی Minimum Height 250 Pixels اور Minimum Width 250 Pixels ہونی ضروری ہے۔

15۔ N.O.C کی بنیاد پر داخلہ:- دوسرے بورڈ سے گیارہویں یا بارہویں جماعت میں N.O.C لے کر آنے والے طلباء / طالبات کا داخلہ سابقہ ادارہ کے لیونگ سرٹیفکیٹ کی تاریخ خارجہ کے ایک ماہ (30) دن تک، کیا جا سکتا ہے۔ مزید 15 ایام تک -/500 روپے یومیہ جرمانہ کے ساتھ داخلہ کیا جا سکتا ہے۔ جرمانہ کی یہ رقم بورڈ کو واجب الادا ہوگی۔ داخلہ کے بعد 10 ایام کے اندر ریٹرن + N.O.C + خارجہ سرٹیفکیٹ + میٹرک + انٹر کے رزلٹ کارڈ اور انرولمنٹ فیس مبلغ -/1300 روپے کا بنک چالان بورڈ آفس میں جمع کروانا ضروری ہے۔ تاخیر کی صورت میں فی یوم مبلغ -/500 روپے جرمانہ ادا کرنا ہوگا یہ جرمانہ ناقابل معافی ہوگا۔

Result.pk

16۔ سیکنڈری سکول میں پاس، جی سی ای اولیول (Equivalence Certificate) کلئیر کرنے والے طلبا / طالبات گیارہویں جماعت میں داخلہ لینے کے اہل ہیں نیز میٹرک پاس کی بنیاد پر N.O.C حاصل کرنے والے طلباء / طالبات درج بالا تواریخ میں ہی داخلہ لینے کے اہل ہوں گے۔ جی۔سی۔ای۔او لیول میں کسی بھی مضمون / مضامین میں PENDING یا UN-GRADE طلباء / طالبات داخلہ لینے کے اہل نہ ہوں گے۔ بوگس یا فیل رزلٹ کارڈ پر داخلہ دینے والے سربراہ ادارہ کے خلاف قانونی کاروائی بھی کی جائے گی اور ادارہ کا الحاق بھی منسوخ کیا جا سکتا ہے۔ اور جو طلباء / طالبات موجودہ سال 2022 جی۔سی۔ای۔اولیول کے امتحان اکتوبر، نومبر میں شرکت کریں گے وہ طلباء / طالبات گیارہویں جماعت (فرسٹ ایئر) میں داخلے کے اہل نہ ہوں گے۔

17۔ حکومت پنجاب، کے نوٹیفکیشن NO.S.O(C.A)1-28/2015 مورخہ 20-07-2016 کی ہدایت کے مطابق سابقہ پانچ سال کے میٹرک پاس کردہ طلباء / طالبات کو گیارہویں جماعت میں داخلہ دیا جا سکتا ہے، بشرطیکہ ان امیدواران نے میٹرک پاس کرنے کے بعد کسی بھی ادارہ میں داخلہ نہ لیا ہو اور نہ ہی انٹر کے امتحان میں شرکت کی ہو۔ سربراہ ادارہ ان امیدواران کے لیے کالج کونسل کی سفارشات بمعہ امیدوار کی طرف سے مہیا کردہ بیان حلفی بھی بھجوائے گا (بیان حلفی مصدقہ سربراہ ادارہ) 5 سال سے زائد عرصہ کے میٹرک پاس طلباء و طالبات داخلہ لینے کے اہل نہ ہوں گے۔ میٹرک سالانہ امتحان 2018 تا میٹرک سالانہ امتحان 2022 تک کے پاس شدہ طلباء / طالبات داخلہ کے اہل ہیں۔

18۔ ایک ادارہ سے دوسرے ادارہ میں مائیگریشن کے لیے دفتر ہذا کی طرف سے جاری کردہ مجوزہ مائیگریشن فارم پر درخواست گزاریں اور -/2000 روپے مائیگریشن فیس کے علاوہ فارم پر درج شدہ ہدایات کے مطابق مائیگریشن حاصل کریں مائیگریشن کے لیے درخواست فرسٹ ایئر کے امتحانی داخلہ فارم ڈبل فیس کے ساتھ جمع ہونے کی آخری تاریخ تک گزاری جا سکتی ہے۔ مائیگریشن کے اجراء کے 15 دن کے اندر نئے ادارہ میں داخلہ لینا ضروری ہے اور نئے ادارے میں داخلہ لینے کے بعد سربراہ ادارہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ طالبعلم کا مینول انرولمنٹ ریٹرن فارم بمعہ خارجہ سرٹیفکیٹ اور فارورڈنگ لیٹر رجسٹریشن برانچ میں 10 ایام کے اندر جمع کروائیں بصورت دیگر -/200 روپے یومیہ کے حساب سے جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔

CamScanner

19۔ مضامین / گروپ تبدیلی کے متعلق درخواست بوساطت سربراہ ادارہ درج ذیل شیڈول کے مطابق مجوزہ فیس کے ساتھ ارسال کریں۔درج ذیل شیڈول کے بعد مضمون / گروپ تبدیلی کی درخواست پر کارروائی نہ ہوگی۔

| | |
|---|---|
| مضمون / گروپ تبدیلی کی درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ | 31-01-2023 |
| مروجہ فیس برائے تبدیلی فی مضمون-/1000 روپے / تبدیلی گروپ-/1500 روپے | |
| جرمانہ کے ساتھ درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ | انٹر پارٹ فرسٹ سالانہ امتحان 2023 شروع ہونے سے 30 یوم قبل تک |
| مروجہ فیس بمعہ جرمانہ تبدیلی فی مضمون-/1500 / تبدیلی گروپ-/2500 روپے | |

20۔ ضروری وضاحتی نوٹ برائے تدریس نصاب:-

ایسے اختیاری مضامین جن کا نصاب / کتب نصاب نہ ہوں یا لیبارٹریز اور مضامین پڑھانے کے لئے ادارہ میں (Sanctioned Post) وکوالیفائیڈ سٹاف تعینات نہ ہوں ان کی تدریس سے مکمل احتراز کریں۔ بصورت دیگر بورڈ ہذا ایسے مضامین کا امتحان نہیں لے گا اور اس کی تمام تر ذمہ داری آپ پر عائد ہو گی۔

21۔ جملہ امتحانات کے لیے سربراہان ادارہ جات ادارہ کی بلڈنگ اور فرنیچر برائے امتحانی سنٹر مہیا کرنے کے پابند ہوں گے۔

22۔ کوئی پرائیویٹ الحاق شدہ ادارہ اپنے طلباء وطالبات کے علاوہ کسی دوسرے غیر الحاق شدہ ادارے کے طلباء وطالبات کی انرولمنٹ ریٹرن بورڈ میں نہیں بھجوائے گا۔ نیز سرکاری ادارہ جات کے سربراہان کو بھی ہدایت کی جاتی ہے کہ کسی پرائیویٹ الحاق شدہ یا غیر الحاق شدہ ادارے کے طلباء وطالبات کی ریٹرن اپنے ادارے کی وساطت سے ہرگز نہ بھجوائے ورنہ ان کے خلاف پیڈا ایکٹ کے تحت تادیبی کارروائی کے لیے سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن پنجاب لاہور اور ڈائریکٹر کالجز/C.E.O ایجوکیشن متعلقہ ضلع کو لیٹر لکھا جائے گا۔

23۔ تمام سربراہان ادارہ جات اپنی زیر نگرانی بنک میں فیس جمع کروانے کو یقینی بنائیں اور انرولمنٹ فیس کمپیوٹرائزڈ بنک چالان پر جمع کروائیں مینول چالان قابل قبول نہ ہوگا۔ فیس کی کمی / ردوبدل کی تمام تر ذمہ داری سربراہان ادارہ جات پر عائد ہوگی۔ میٹرک / انٹرمیڈیٹ سطح پر ادارہ کی لیبارٹریز برائے پریکٹیکل بھی فراہم کرنے کے پابند ہوں گے اور ان امور کی تکمیل کا تحریری سرٹیفیکیٹ بھی جمع کروائیں گے۔ نیز ہر ادارہ اپنے جملہ سٹاف کا مکمل ڈیٹا بمعہ موبائل نمبر / تعلیمی قابلیت / عہدہ شناختی کارڈ نمبر آن لائن کر کے اس کی ہارڈ کاپی شعبہ کنڈکٹ کو جمع کرائیں گے۔

Result.pk

دستخط۔

حبیب الرحمٰن

سیکرٹری

اسسٹنٹ سیکرٹری رجسٹریشن

کاپی برائے اطلاع:-

۱۔ سیکشن آفیسر (بورڈز) HED پنجاب لاہور
۲۔ ڈی۔ پی۔ آئی کالجز پنجاب لاہور
۳۔ ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز ڈیرہ غازیخان، لیہ، مظفر گڑھ، راجن پور
۴۔ سی۔ای۔او (ایجوکیشن) ڈیرہ غازیخان، لیہ، مظفر گڑھ، راجن پور
۵۔ ڈپٹی ڈائریکٹر تعلقات عامہ ڈیرہ غازی خان برائے اشاعت قومی اخبار
۶۔ جملہ پنجاب بورڈز
۷۔ جملہ آفیسران بورڈ ہذا
۸۔ الیکٹرانک میڈیا

CamScanner